www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com


...... مسلمانوں پر ظلم کے تدارک کے لئے عالم اسلام کی مشترکہ فوج ہونی چاہئے تاکہ ہر متنازعہ مقام پر فوراً اپنے بھائیوں کی مدد کے لئے پہنچا جاسکے۔

...... وقتاً فوقتاً مسلم سربراہ کانفرنسیں ر وزراء کانفرنسیں ہوتی رہنی چاہئیں۔ رابطے بڑھنے چاہئیں۔ اسلامی تنظیم کانفرنس کو بہت زیادہ مضبوط اور جاندار بنایا جائے تاکہ عالم کفر من مانی نہ کرسکے۔

غرض مسلمانوں کا مستقبل مخدوش ہے۔ اس وقت ہماری حالت اس کبوتر کی سی ہے، جو بلی کو سامنے دیکھ کر اس کا مقابلہ کرنے کے بجائے اپنی آنکھیں بند کرلیتا ہے۔

ع مجھے ہے حکم اذاں لاالہ الا اللہ کے مصداق، ہم یہ پیغام دیتے ہی رہیں گے۔ جو عذابِ صلیب ہنود و یہود کے ذریعے ہم پر مسلط کیا جانے والا ہے اس کی جھلکیاں پیش کرنا ضروری ہیں۔ شاید اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے ہمیں قومِ یونس کی سی توبہ کرنے کی توفیق عطا فرمائے! ☆☆

---

محدث عرصہ سے آپ کے زیر مطالعہ ہے اور آپ اس کے مضامین کی اِفادیت اور استدلال کے اُسلوب سے بخوبی آگاہ ہیں۔ ملتِ اسلامیہ میں علمی و تحقیقی شعور بیدار کرنے اور دورِ حاضر میں امت کی علمی رہنمائی کے لئے اس نوعیت کے مجلات کی اشاعت اَشد ضروری ہے۔

محدث میں جس نوعیت کا تحقیقی مواد پیش کیا جاتا ہے، بھرپور مالی وسائل نہ ہونے کی وجہ سے اس کی بروقت تکمیل میں بعض اوقات تاخیر ہوسکتی ہے، لیکن ہماری کوشش ہوتی ہے کہ جلد یا بدیر ہم ہر ماہ کا شمارہ باضابطہ شائع کرتے رہیں، آپ بخوبی جانتے ہیں کہ محدث میں مضامین کے معیار اور تحقیق میں جھول کو قطعاً قبول نہیں کیا جاتا، اس سلسلے میں زیادہ مشکلات اعلیٰ تحقیقی معیار اور مخصوص ذوق کے مطابق لکھنے والوں کی کم یابی اور ایسے اصحابِ علم کی گوناگوں مصروفیات ہیں۔ ہمارا تقریباً دو سالہ ریکارڈ اس امر کا گواہ ہے کہ ہم نے ہر ماہ قارئین کی خدمت میں زیادہ سے زیادہ تحقیقی اور معیاری مواد پیش کیا۔ یہ بھی واضح رہے کہ محدث کی کتابت میں اس قدر زیادہ میٹریل ایک صفحے میں سمودیا جاتا ہے کہ عموماً اس نوعیت کے دیگر رسائل سے محدث کے صفحہ پر کم از کم ایک تہائی مواد زیادہ شائع ہوتا ہے۔ محدث کی دیدہ زیب کتابت اور معیاری کاغذ وخوبصورت طباعت اس حسن معیار کو دوچند کردیتی ہیں۔ اس گرانی کے دور میں اس قدر کم قیمت میں اس قدر معیاری مجلہ پیش کرنا یقیناً مشکل کام ہے، متعدد بار محدث کے زرِ سالانہ کو بڑھانے کی تجویز پیش کی گئی لیکن اس کے پیغام اور ذوقِ تحقیق کو عام کرنے کی غرض سے ادارہ نے اِس اِقدام کی اجازت نہیں دی۔ <u>محدث کا یہ اعزاز ہے کہ اسکے نصف سے زائد مضامین کو ہر ماہ دیگر مجلات دوبارہ کرتے ہیں!</u>

محدث کی مالی معاونت مجلس التحقیق الاسلامی اور جامعہ لاہور الاسلامیہ کے بجٹ سے ہوتی ہے، اور اس سلسلے میں محدث ان کے زیر بار ہی رہتا ہے، اس ضمن میں اہل خیر کو اس نیک اور سنجیدہ کام کی طرف توجہ دینے کی بھی ضرورت ہے۔ ہم ایک ملی ذمہ داری کے طور پر محدث کو شائع کرتے ہیں اور ملی کام، قوم کی علمی ومالی معاونت سے ہی انجام پذیر ہوتے ہیں۔ یہ مالی عطیات بھی محدث کے اکاؤنٹ میں جمع کرائے جاسکتے ہیں۔ (جامعہ لاہور الاسلامیہ کا ۶۰ لاکھ سے زائد سالانہ بجٹ بھی اہل خیر کی توجہ کا مستحق ہے)

قارئین سے ہماری گذارش یہ ہے کہ وہ اگر محدث کے معیار اور اس میں پیش کئے جانے والے سنجیدہ فکری مباحث سے متفق ہیں تو محدث کو صرف اپنے تک محدود نہ رکھیں بلکہ اس کو اپنے دوستوں، باذوق لوگوں اور اہل فکر و نظر کے ہاتھوں تک پہنچائیں، اس مقصد کے لئے نمونہ کے شمارہ جات صرف ایک فون کرنے یا خط لکھنے پر مفت منگوائے جاسکتے ہیں۔ آپ محدث کے زیادہ نسخے خود منگوا کر ہر ماہ تقسیم کرسکتے ہیں، اپنے عزیز واقارب کے نام اپنی طرف سے تحفۃً لگوا سکتے ہیں جس پر آپ کی طرف سے ہدیہ کی چٹ چسپاں کرکے ادارہ باقاعدہ انہیں محدث ارسال کرتا رہے گا۔ محدث کی ایجنسی حاصل کرسکتے ہیں جس پر ۲۰ فیصد رعایت دی جاتی ہے، ۵ سے زائد شمارہ جات کی خریداری پر چھٹا شمارہ سال بھر کے لئے اعزازی ارسال کیا جاتا ہے...... (حسن مدنی)

**محدث ایک علمی تحریک ہے اور آپ ہی اس کے دست وبازو ہیں**

ہم آپ کو اپنا دستِ تعاون بڑھانے کی دعوت دیتے ہیں...... علمی، ابلاغی، تحقیقی اور مالی ومعنوی !!

© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ